Sessions; 2016-2018; 2017-2019 & 2018-2020

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت:2:10 گھنٹے نمبر:60

**2.** درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصّہ غزل سے) 10

**(حصّہ نظم)**

i. چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت، یہی آرزو ہے

iii. ہر جا بچھا رہا ہے، سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں، ہر جا ہرے بچھونے

iv. ہے تیرے گلستان میں بھی فصل خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل، زرکامل عیار سے

**(حصّہ غزل)**

i. بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

ii. برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii. ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور دُرویش کی صدا کیا ہے

**3.** درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی، مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لولے اور اپاہج مرد و عورت پڑے رہتے تھے۔ غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہوگئی تھی۔

(ب) یہ کوئی معمانہیں ہے سنیے! جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصور ہوں۔

**4.** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

i. مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟

ii. انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

iii. شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

iv. حضرت بی کون تھیں اور انھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

v. الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

vi. کس کا حق سب سے مقدّم ہے؟

vii. پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟

viii. بلبل کو باغبان اور صیّاد سے گِلہ کیا ہے؟

**5.** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (.i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (.ii) امتحان 05

**6.** نظم "نعت" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 05

**7.** ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کا انتظام بہتر بنانے کے لئے درخواست لکھیے۔ **یا** ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں اس کی توجہ ریڈیو کی بلند آواز کی طرف مبذول کروائیں۔ 10

**8.** ایک کہانی تحریر کیجیے جس کا عنوان ہو "عقلمند بیوی"۔ **یا** درزی اور گاہک کے درمیان سلائی کے حوالے سے مکالمہ لکھیں۔ 05

**9.** درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

i. امجد نے کراچی جانا ہے۔ ii. ہمت کو ہارنا۔ iii. میں نے فرحان دیکھا۔ iv. علی رضا اور شہریار آیا۔ v. دس جگ، پانچ پلیٹیں، ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کریں۔

i. آدمی کا شیطان________

ii. بات کہتائی میں________

iii. بلی کے بھاگوں________

iv. کمخواب میں________

v. تخم تاثیر________